ilmkidunya

Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 2 Short Questions Preparation

Q1. صنعتی نفسیات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

Ans 1: نفسیات کی اس شاخ میں صنعت کے نفسیاتی مسائل اور ان کے حل کے بارے میں بحث کی جاتی ہے.

Q2. تحقیق سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تحقیق یا ریسرچ کے معنی ہیں حقائق کی دوباری تلاش،یعنی احتیاط سے حقائق کی جستجو اور تفتیش کرنا.

Q3. تحقیقی کے معنی تحریر کریں.

Ans 1: تحقیق یا ریسرچ کے معنی ہیں حقائق کی دوبارہ تلاش، یعنی احتیاط سے حقایق کی جستجو اور تفتیش کرنا.

Q4. روزنامچے کی تعریف کریں.

Ans 1: روزنامچے کے طریقے میں ماہرین مل کر ایک میٹنگ میں فرد کے بارے میں حاصل شدہ معلومات کا کلی جائزہ لیتے ہیں اور ضرورت کے مطابق بعض صورتوں میں کسی نہ کسی کا علاج معالجہ بھی تجویز کرتے ہیں.

Q5. مشاہدے سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: مشاہدے سے مراد جانداروں کے کردار کا بغور جائزہ لینا اور اس کے نتیجے میں حاصل ہونے والی معلومات قلم بند کرنا ہے.

Q6. کنٹرول گروپ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تمام متعلقہ متغئیر جو تجربہ میں نتائج پر اثر انداز ہو سکتے ہیں خواہ وہ عمر ہو یا تجربہ یا درجہ حرارت یا کچھ اور ان سب کو یکسانیت کے لحاظ سے کنٹرول کرنا تجربہ کنندہ کی اولین ذمہ داری ہے. اس گروپ کو کنٹرل گروپ کہا جاتا ہے.

Q7. تحقیقی عمل کا آغاز کیسے ہوتا ہے؟

Ans 1: تحقیقی عمل کا آغاز علت و معلول سے ہوتا ہے.

Q8. مشاہدہ باطنی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: مشاہدہ باطنی میں فرد اپنی ذات یا اپنے اعمال خود کا خود مطالعہ کرتا ہے،کسی خاص صورت حال میں اپنے داخلی اور باطنی تجربات اور محسوسات کی رپورٹ دیتا ہے.

Q9. نمونی طریقے سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: نمونی طریقہ کو جینٹک طریقہ یا وراثتی طریقہ بھی کہتے ہیں.اس طریقے میں ایک فرد کی مکمل نشونما سے موجودہ حالت سے لے کر انتہائی ماضی کی زمانہ تک معلوم کی جاتی ہے،اس طریقے کے ذریعے ماہر نفسیات ،زیر مطالعہ کسی فرد کی تدریسی نشو نما کر مکمل ریکارڑ رکھتا ہے اور اس کے کرادر کے سادہ آغاز کو جانتے ہوا تشکیل میں کردار موجودہ کر گزر سے تدریج نموئی مرکب اور مرکز پیچیدہ جو ہے جاتا ہو کامیاب میں.

Q10. تجرباتی طریقہ تحقیق سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تجرباتی طریقہ تحقیق کا سب سے زیادہ قابل اعتبار ترقی یافتہ اور سائنسی طریقہ ہے.تجرباتی طریقہ سے مشاہدہ کیے گئے حقائق کے بارے میں مفروضہ کی جانچ پر کھ اور پیش گوئی کی جاتی ہے.